## سوال

مریض کا تیمم کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب مریض کو مٹی نہ ملے تو کیا وہ دیوار یا فرش پر تیمم کرسکتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دیوار بھی پاک مٹی ہی سے بنی ہوتی ہے، لہٰذا جب دیوار مٹی سے بنی ہو، یہ مٹی خواہ پتھر کی صورت میں ہو یا اینٹ کی صورت میں، اس کے ساتھ تیمم جائز ہے۔ دیوار پر اگر لکڑی کا کام کیا گیا ہو یا اس پر ٹائلیں لگی ہوں اور اس پر غبار جما ہوا ہو تو اس کے ساتھ تیمم کرنے میں کوئی حرج نہیں، وہ ایسے ہی ہے جیسے بندہ زمین پر تیمم کر رہا ہو کیونکہ غبار مٹی کے مادے سے ہے اور اگر اس پر غبار نہ ہو تو وہ مٹی نہیں، اس کے ساتھ تیمم نہ کیا جائے۔ اسی طرح اگر فرش پر غبار ہو تو اس کے ساتھ تیمم کر سکتا ہے اور اگر اس پر غبار نہ ہو تو وہ تیمم نہ کرے کیونکہ وہ مٹی کی قبیل سے نہیں ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاویٰ ارکان اسلام]

عقائد کے مسائل : صفحہ 224